# ماڈل پیپر گیس و الیکٹرک ویلڈنگ (معروضی) جماعت نہم (تعلیمی سیشن 2013-2012 و مابعد) سیکنڈری پارٹ (1)

وقت: 15 منٹ کل نمبر: 12

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات a,b,c اور d دیئے گئے ہیں جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ خانے کو مارک کریں۔ ایک سے زیادہ خانوں کو مارک کرنے یا کاٹ کر مارک کرنے کی صورت مین مزکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| Q.1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | چھ خطوط مستقیم سے گھری ہوئی شکل کہلاتی ہے | مخمس | مسدس | مسبع | مسمن |
| 2 | 90 درجے سے زیادہ اور 180 درجہ سے کم زاویہ کہلاتا ہے | قائمہ زاویہ | منفرجہ زاویہ | حادہ زاویہ | زاویہ معکوس |
| 3 | پتلی چادروں اور باریک تارون کی پیمائش کے لئے استعمال کی جاتی ہے | گنیا | اندرونی کیلیپر | انچی ٹیپ | وائرگیج |
| 4 | ڈرل مشین پر بڑا سوراخ کرنے کیلیے بانک (vice) استعمال ہوتی ہے | بنچ وائس | مشین وائس | ھینڈ وائس | لیگ وائس |
| 5 | ویلڈنگ کے کام میں ہتھوڑا استعمال ہوتا ہے | لکڑی کا | لمبی نوک لوہے کا | چپٹے سروالا | کراس سروالا |
| 6 | دھات کے دو ٹکڑوں کو سرے بر سرا رکھ کر ویلڈ کرنا کہلاتا ہے | مزاحمتی ویلڈنگ | فورج ویلڈنگ | بریز ویلڈنگ | فیوزن ویلڈنگ |
| 7 | بے رنگ بے بو بے ذائقہ گیس ہے | امونیا | ایسیٹیلین | آکسیجن | ہائیڈروجن |
| 8 | ایسیٹیلین گیس پیدا کی جاتی ہے | کوئلے سے | چونے کے پتھر سے | ہوا سے | میگنیشیم سے |
| 9 | آکسیجن کے سامان کیلئے رنگ استعمال کیا جاتا ہے | سفید | کالا | سرخ | پیلا |
| 10 | دونوں گیسیں آکر ملتی ہیں | سلنڈروں میں | ویلڈنگ ٹارچ میں | ربر ہوز میں | ویلڈنگ ٹپ میں |
| 11 | جست اور تانبے کے بھرت سے تیار ہوتا ہے | لوہا | پیتل | سلور سٹیل | کانسی |
| 12 | الیکٹرک ویلڈنگ میں ٹرانسفارمر استعمال ہوتا ہے | سٹیپ اپ | سٹیپ ڈاون | آٹو | انسولیٹڈ ٹرانسفارمر |

Result . PK

ماڈل پیپر گیس و الیکٹرک ویلڈنگ (انشائیہ) جماعت نہم (تعلیمی سیشن 2012-2013 و مابعد) سیکنڈری پارٹ (1)

وقت: 2:45 گھنٹے کل نمبر: 63

## حصہ اول

**سوال نمبر 2۔ کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں (6x2=12)**

(i) دائرہ کے حصے تحریر کریں۔
(ii) زاویہ کی اقسام تحریر کریں۔
(iii) ویلڈنگ کے کام میں بیرونی کیلیپر کا استعمال بیان کریں۔
(iv) ویلڈنگ کے کام میں گنیا (Try Square) کا استعمال بیان کریں۔
(v) ہک سا کے فریم کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟
(vi) ویلڈنگ کے کام میں آنکھوں کی حفاظت کیلئے کون کون سی اشیاء استعمال ہوتی ہیں؟
(vii) ایسٹیلین گیس کے سامان کیلئے کون سی چوڑی استعمال کی جاتی ہے؟
(viii) کون سی گیس جلتی ہے اور کون سی جلنے میں مدد دیتی ہے؟
(ix) گیس ویلڈنگ ٹارچ کیا ہوتی ہے؟

**سوال نمبر 3۔ کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں (5x2=10)**

(i) گیس ویلڈنگ کے سلنڈروں کی پہچان بیان کریں۔
(ii) ہائیڈروجن گیس ویلڈنگ کے کام میں کیوں استعمال نہیں کی جاتی؟
(iii) ویلڈنگ کے کام میں کس کس قسم کا فرش بہتر ہوتا ہے؟
(iv) گیس ویلڈنگ میں کتنی قسم کے شعلے تیار کیے جاتے ہیں؟
(v) ویلڈنگ ٹارچ کی بناوٹ ظاہر کریں۔
(vi) گیس ویلڈنگ میں فلکس (Flux) کیا کام کرتا ہے؟
(vii) گیس ویلڈنگ کتنے طریقوں سے کی جاتی ہے؟
(viii) گیس ویلڈنگ میں فلر راڈ کیسا ہوتا ہے؟

**سوال نمبر 4۔ کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں (5x2=10)**

(i) ویلڈنگ میں کتنی قسم کے جوڑ لگائے جاتے ہیں؟
(ii) دھاتوں کی کتنی اقسام ہیں؟
(iii) تانبے کا استعمال تحریر کریں۔
(iv) دھات کو کاٹنے والے اوزاروں کے منہ کیسے سخت کئے جاتے ہیں؟
(v) آہنی دھاتیں کن راڈوں سے جوڑی جاتی ہیں؟
(vi) الیکٹرک ویلڈنگ میں کون سا ٹرانسفارمر استعمال ہوتا ہے؟
(vii) اے۔سی ٹرانسفارمر اور ڈی۔سی ٹرانسفارمر کیا ہوتا ہے؟
(viii) ٹرانسفارمر کو ٹھنڈا رکھنے کیلئے کون سا تیل استعمال ہوتا ہے؟

Result.pk

## حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (3x7=21)

سوال نمبر 5۔ گیس ویلڈنگ میں اختیار کی جانے والی 20 حفاظتی تدابیر لکھیں۔

سوال نمبر 6۔ گیس ویلڈنگ کا تمام سامان تحریر کریں۔

سوال نمبر 7۔ گیس ویلڈنگ کرنے کے طریقے تحریر کریں۔

سوال نمبر 8۔ پانچ غیر آہنی دھاتوں کا استعمال لکھیں۔

سوال نمبر 9۔ الیکٹرک ویلڈنگ کا تمام سامان لکھیں۔

## حصہ سوم (پریکٹیکل)

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (2x5=10)

سوال نمبر 10۔ گیس ویلڈنگ ورکشاپ میں درج ذیل اوزاروں کا استعمال تحریر کریں۔

ہک سا۔ اندرونی کیلیپر۔ وائر گیج

سوال نمبر 11۔ گیس ویلڈنگ میں دو سادہ پٹیوں (جن کی پیمائش 400mm x 150mm x 10mm ہے) سے بٹ جوڑ تیار کرنے کا طریقہ لکھیں اور شکل بھی بنائیں۔

سوال نمبر 12۔ دو سادہ پٹیوں (جن کی پیمائش 400mm x 150mm x 10mm ہے) سے کارنر جوڑ تیار کرنے کا طریقہ لکھیں اور شکل بھی بنائیں۔

Result.PK